مولانا مختار احمد ندوی کی وفات

جماعتی حلقوں میں یہ خبر انتہائی حزن وملال سے پڑھی اور سنی جائے گی کہ جماعت اہل حدیث کے جید عالمِ دین، کئی دینی وعلمی اور تحقیقی کتابوں کے مصنف ومترجم، سابق امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ہندوستان مولانا مختار احمد ندوی ۷ ستمبر کو ممبئی میں وفات پا گئے۔ مرحوم اس خطہ ارض کے نامور عالمِ دین تھے۔ انہوں نے ۷۷ سال عمر پائی اور دعوت وتبلیغ کے میدان میں بڑے کارنامے سرانجام دیئے۔ ان کی ناگہانی موت جماعت اہل حدیث کے لیے بہت بڑا سانحہ ہے۔ مرحوم جماعت اہل حدیث کے اکابر میں شمار ہوتے تھے۔ ان کی وفات حسرت آیات پر ادارہ جامعہ سلفیہ کا ایک ہنگامی اجلاس ہوا۔ جس میں اساتذہ جامعہ مولانا حافظ عبدالعزیز علوی صاحب، مولانا یونس بٹ صاحب، مولانا مفتی عبدالحنان زاہد صاحب، پرنسپل جامعہ چودھری یاسین ظفر صاحب، حافظ مسعود عالم صاحب اور رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن صاحب کی طرف سے تعزیت کا اظہار کیا گیا اور مرحوم کی جماعتی ودینی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔

مرحوم کے لواحقین، ان کے بیٹوں اور جماعت اہل حدیث ہند سے دلی تعزیت کا اظہار کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ آمین۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆.....☆

مولانا اسحاق بھٹی صاحب کو صدمہ

۲۷ اگست کی رات جماعت اہل حدیث کی عظیم شخصیت، مؤرخ اہل حدیث، علامہ مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب حفظہ اللہ